# Directorate of Education, GNCT of Delhi

## Suggestive Answers
**TERM-II (2021-22)**
**CLASS: IX**
**SUBJECT: URDU-B (303)**

**Time: 2 Hrs.** **M.M.: 40**

(Part: A) حصّہ: الف

**جواب نمبر1۔**

(i) پرہلاد کی بوا کا نام ہولیکا تھا۔

(ii) ہرن کشیپ نے اپنے بیٹے پرہلاد کو جلانے کی کوشش کی لیکن وشنو جی کی مہربانی سے وہ بچ گیا۔

(iii) ہولی کا تہوار نوجوانوں اور بچوں کے لیے آزادی اور خوشیاں لے کر آتا ہے۔اس دن لوگ نفرت اور ناراضگی کو بھلا کر رنگ کھیلتے ہیں۔

(iv) ہولی کا تہوار پھاگن کے مہینے کے آخر یعنی فروری مارچ میں منایا جاتا ہے۔

(v) ہندوؤں کا تہوار ہولی، راگ رنگ اور مستی کا تہوار کہلاتا ہے۔

**یا**

(i) قوم کی خدمت خلوص سے کرنی چاہیے۔

(ii) وقت برباد کرنے والا ناکام ہو جاتا ہے اور آخر میں بہت پچھتاتا ہے۔

(iii) عمریں مفت میں گنوانے والے آخر میں بہت پچھتائیں گے۔

(iv) جو ہمت کرکے محنت اور کوشش کرتا رہتا ہے، خدا اس کی ضرور مدد کرتا ہے۔

(v) خالی بیٹھے رہنے سے سوائے ناکامی کے کچھ بھی ہاتھ نہیں آتا ہے۔

**جواب نمبر2۔**

(i) انگریزی حکومت کے آنے کے بعد گاؤں کا انتظام سرکار نے اپنے ہاتھ میں لے لیا۔

(ii) مہاتما گاندھی چاہتے تھے کہ گاؤں کے انتظام میں گاؤں والوں کا پورا ہاتھ ہو۔

(iii) آزادی کے بعد ہماری ریاستوں میں پنچایتی راج قانون بنایا گیا۔

(iv) گاؤں سبھا کی سال میں دو بیٹھکیں ہوتی ہیں۔

(v) گاؤں سبھا ربیع کی بیٹھک میں پچھلے سال کے حساب کی جانچ کرتی ہے۔

**یا**

(i) چھٹّی کے دن ہمیں خوب کھیلنا چاہیے۔

(ii) کھیل کھیلنے سے بچے تیز ہو جاتے ہیں۔

(iii) علم سے دماغ روشن ہو جاتا ہے۔

(iv) کھیل سے بچوں کی صحت اچھی رہتی ہے۔

(v) پیڑ کو بڑھنے کے لیے پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔

## حصّہ:ب (Part: B)

**ہدایت:اس حصّے کے سبھی سوالوں کے جواب لکھیے۔**

جوابِ نمبر3۔ بازی گر ستم گر

جوابِ نمبر4۔**واحد جمع:**

| واحد | جمع |
|---|---|
| مصروفیت | مصروفیات |
| تکلیف | تکالیف |
| حکایت | حکایات |

جوابِ نمبر5۔**مذکر مؤنث:**

| مذکر | مؤنث |
|---|---|
| اونٹ | اونٹنی |
| بکرا | بکری |
| شیر | شیرنی |
| باپ | ماں |

جوابِ نمبر6۔**تشبیہ:** کسی ایک چیز کو کسی دوسری چیز کے مانند بتانا تشبیہ کہلاتا ہے۔

جوابِ نمبر7۔**خط/درخواست:**

| | |
|---|---|
| خط یا درخواست کا خاکہ | 1 |
| نفسِ مضمون | 2 |
| اختتام | 1 |
| **کل نمبر** | **4** |

جواب نمبر 8۔ مضمون:

| | |
|---|---|
| تمہید و تعارف | 1 |
| نفس مضمون | 3 |
| زبان و بیان | 1 |
| اختتام | 1 |
| **کل نمبر** | **6** |

## حصّہ: ج (Part: C)

جواب نمبر 9۔ کبیر کی پیدائش اتر پردیش کے ایک چھوٹے سے گاؤں مگھر میں ہوئی۔ وہ ایک مسلمان بنکر کے گھر میں پلے بڑھے۔ پڑھنا لکھنا تو نہیں سیکھ سکے تھے لیکن وہ بے حد سمجھدار آدمی تھے۔ وہ سوامی رامانند اور صوفی شیخ تقی سے بڑی عقیدت رکھتے تھے۔ کبیر انسانیت اور بھلائی کے شاعر تھے۔ وہ سارے انسانوں کو ایک خدا کا کنبہ مانتے تھے۔ مذہبوں کی ایکتا میں یقین رکھتے تھے اور ساری دنیا کے لیے خیر کی دعائیں مانگتے تھے۔ ذات پات کی تفریق، غلط رسم و رواج اور توہم پرستی کے مخالف تھے۔

جواب نمبر 10۔ ملّا نصرالدین اپنی حاضر جوابی، خوش باشی اور زندہ دلی کی وجہ سے آج بھی زندہ ہیں۔

جواب نمبر 11۔ کھیتی، انجام اور خانہ جنگی

جواب نمبر 12۔ بہار کے موسم میں ہر آدمی خوش نظر آتا ہے۔

جواب نمبر 13۔ ہنری ڈونان، پانی کے معقول انتظام کے لیے خاص سہولیات حاصل کرنے کی غرض سے نپولین سے ملنے گیا تھا۔

جواب نمبر 14۔ لکڑہارے نے خدا سے شکایت کی کہ یہ کہاں کا انصاف ہے کہ میں صبح سے شام تک محنت کرتا ہوں اس کے باوجود بھی مجھے بھر پیٹ روٹی نہیں مل پاتی ہے اور یہ امیر شخص ہے کہ ہر وقت آرام کرتا ہے اور اوپر سے ہزاروں روپیہ بھی خرچ کر رہا ہے۔

جواب نمبر 15۔ مقولہ 'وہی مرغے کی ایک ٹانگ' کا مطلب ہے کہ آدمی اپنی ہی بات پر اڑا رہے۔

جواب نمبر 16۔ عقاب نے سوچا کہ پوری دنیا اس کی نظروں کے سامنے ہے اور جس بلندی پر وہ پہنچا ہے وہاں تک کوئی دوسرا نہیں پہنچ سکتا ہے۔

جواب نمبر 17۔ آریہ بھٹ قدیم ہندوستان کے ایک مشہور ریاضی داں تھے۔

جواب نمبر 18۔ لالچ کے سبب مکھّی گڑ میں پھنس گئی اور اس کو اپنی جان دینی پڑی۔